فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کی سرگرمیوں کا عکاس جریدہ

# فیسکو نیوز

وزارت توانائی (پاور ڈویژن)
حکومت پاکستان

FESCO

ایڈیشن: اگست 2024ء    شمارہ نمبر: 168    جلد نمبر: 12    کل صفحات: 16


## جناب عمر فاروق خان چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز تعینات

### صارفین کو بہترین سہولیات اور بلا تعطل بجلی کی فراہمی بورڈ کی اولین ترجیح ہے

### فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کا تعارفی اجلاس

### فیسکو ریجن میں صارفین کو جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے بہترین سہولیات بہم پہنچائی جائیں

## فیسکو ہیڈکوارٹرز میں پاکستان کے 77 ویں یوم آزادی کی پروقار تقریب کا انعقاد



### یوم آزادی کے روز ہمیں کلمہ شکر ادا کرنا چاہیئے

یہ دن ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جن کی وجہ سے پاکستان دنیا کے نقشے پر ایک الگ اسلامی نظریاتی مملکت کے طور پر ابھرا

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

# فیسکو نیوز

ایڈیشن: اگست 2024ء شمارہ نمبر: 168 جلد نمبر: 12 کل صفحات: 16



منتظم اعلیٰ
**انجینئر محمد عامر**
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو



مدیر اعلیٰ
**غلام مجتبیٰ خان**
ڈائریکٹر جنرل ایڈمن فیسکو



مدیر
**طاہر محمود شیخ**
ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (پبلک ریلیشنز) فیسکو

### ایڈیٹوریل ٹیم



اویس دانش



ایوب احمد

### فوٹوگرافی



محمد وسیم

پبلشر
شعبہ تعلقات عامہ فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کینال روڈ فیصل آباد
Toll Free: 080066554, Help Line: 118, +92419220282, www.fesco.com.pk

## عرض مدیر

جناب عمر فاروق خان نے فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کے چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز کے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے۔ نئے تشکیل شدہ بورڈ کے ممبران میں محترمہ زوئی خورشید، انجینئر پرویز اقبال، عادل بشیر، عامر ضیا، حسن رضا سعید، قمر سرور عباسی اور محترمہ لبنیٰ عثمان شامل ہیں۔ چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز عمر فاروق خان نے صارفین کو بہترین سہولیات اور بلاتعطل بجلی کی فراہمی کو بورڈ کی اولین ترجیح قرار دیا ہے اور اس سلسلے میں ہدایات جاری کی ہیں کہ صارفین کے مسائل کے ازالے کو فوقیت دی جائے کیونکہ ایک مطمئن صارف ہی کمپنی کی بہترین کارکردگی کا عکاس ہے۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ زائد یا غلط بلنگ کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ صارفین کو بجلی کے استعمال کے مطابق ریڈنگ اور درست بلنگ ان کا حق ہے، اس سلسلے میں کوئی کوتاہی نہیں ہونی چاہئے۔ انھوں نے فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں صارفین کو جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے بہترین سہولیات بہم پہنچانے کی ہدایات جاری کی ہیں۔ فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز نے فیسکو انتظامیہ کو صارفین کے نئے کنکشنز کے اجراء، ٹرانسفارمرز کی تنصیب، بجلی کی بندش، بلوں کی درستگی، خراب میٹرز کی تبدیلی وغیرہ کی شکایات کے ازالے کیلئے جدت انگیز اقدامات اور نئی ایپ جیسی تجاویز مرتب کرنے کی ہدایات دی ہیں۔ بورڈ ان کا جائزہ لے کر صارف دوست اقدامات کی منظوری دے گا۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے تمام بورڈ ممبران کو فیسکو میں خوش آمدید کہا اور انہیں فیسکو کے مختلف امور کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا ہے کہ فیسکو نے ہمیشہ صارف دوست اقدامات اٹھانے میں دیرینہ کی ہے اور صارفین کو مزید بہتر خدمات کی فراہمی کا یہ سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔

## اس شمارے میں


04 ماہ صفر، فضائل واحکام اور اسلام میں اس کی حقیقت

05 چیئرمین عمر فاروق خان کی سربراہی میں فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کا نیا بورڈ آف ڈائریکٹرز تشکیل دے دیا گیا

06 فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ہنگامی اجلاس سے چیئرمین عمر فاروق خان کا خطاب، بورڈ ممبران اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی شرکت

07 چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کا خواتین کو جنسی طور ہراساں کئے جانے کے خلاف قانون 2010 کے بارے میں منعقدہ سیمینار سے خطاب

08 فیسکو ہیڈکوارٹرز میں پاکستان کے 77ویں یوم آزادی کی پروقار تقریب کا انعقاد، چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر نے پرچم کشائی کی

10 ڈپٹی ایم ایس ڈاکٹر منور احمد واہلہ کا ایم ایس واپڈا ہسپتال فیصل آباد ڈاکٹر محمد شعیب کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر الوداعی تقریب سے خطاب

11 ڈاکٹر طارق بشیر ملک نے واپڈا ہسپتال فیصل آباد کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کا چارج سنبھال لیا

12 ایم اینڈ ٹی فرسٹ سرکل کی ٹیموں نے روزانہ کی بنیاد پر دن رات چیکنگ کے دوران 110 صارفین کی بجلی چوری پکڑ لی

13 فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نے 49واں واپڈا انٹر یونٹ سوئمنگ ٹورنامنٹ جیت لیا

14 فیسکو کے 9 افسران کو ٹائم سکیل اپ گریڈیشن کے تحت اگلے سکیلوں میں اپ گریڈ کر دیا گیا

14 شوکاز نوٹس برائے کارروائی

15 صارفین کی شکایات کے فوری ازالے کیلئے فیسکو کی تمام سب ڈویژنوں میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کا سلسلہ شروع کر دیا گیا

# ماہ صفر، فضائل واحکام اور اسلام میں اس کی حقیقت

اللہ رب العزت نے سال کے بارہ مہینوں میں مختلف دنوں اور راتوں کی خاص اہمیت وفضیلت بیان کر کے ان کی خاص خاص برکات وخصوصیات بیان فرمائی ہیں، قرآن حکیم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ ''بیشک مہینوں کی گنتی اللہ کے نزدیک بارہ مہینے ہیں اللہ کی کتاب میں جب سے اس نے آسمان اور زمین بنائے ان میں سے چار حرمت والے ہیں یہ سیدھا دین ہے تو ان مہینوں میں اپنی جان پر ظلم نہ کرو اور مشرکوں سے ہر وقت لڑو جیسا وہ تم سے ہر وقت لڑتے ہیں اور جان لو کہ اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔(سورۃ التوبہ پارہ 10 آیت نمبر 32)۔

ماہ صفر کے متعلق ایک طرف تو بہت سی توہمات اور بدشگونیاں اور دوسری طرف اس کے بارے میں خود ساختہ حل بھی تلاش کر لئے گئے ہیں، مثلاً اس ماہ میں شادی نہ کرنا، سفر نہ کرنا، کاروبار کا آغاز نہ کرنا۔ اس ماہ کو مردوں پر بھاری سمجھنا اس کی تیرہ تاریخ کو منحوس سمجھنا وغیرہ وغیرہ، اس مہینے میں مختلف چیزیں پکا کر محلے میں بانٹنا کہ ہماری بلائیں ٹل جائیں یا دوسروں کی طرف چلی جائیں لیکن دین اسلام میں ان تمام باتوں کی کوئی حیثیت نہیں۔ بعض لوگ اس ماہِ صفر میں شادی بیاہ یا کوئی خوشی کا کام نہیں کرتے حالانکہ اس ماہِ صفر المظفر سن 7 ہجری میں حضور نبی کریمؐ نے ام المومنین حضرت سیدہ صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے شادی فرمائی تھی۔

قارئین کرام سوچئے! اگر ماہِ صفر میں شادی کرنا منحوس ہوتا تو حضور نبی کریمؐ کیوں شادی فرماتے؟ بلکہ ماہِ صفر ہی وہ مہینہ ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر اپنی رحمتوں کے دروازے کھولے اور حضور نبی کریمؐ اور آپ کے پیارے صحابہ کرامؓ کو فتحِ خیبر سے نوازا (البدایہ والنہایہ) عربی میں نحوست کیلئے لفظ طیرہ استعمال ہوتا ہے جو طیر سے نکلا ہے جس کے معنی پرندے کے ہیں۔

اہل عرب چونکہ پرندے کے اڑانے سے فال لیتے تھے اسی لئے طائر بدفالی کیلئے استعمال ہونا لگا یعنی بدشگون لینا۔ دین اسلام میں کوئی دن، مہینہ، جگہ یا انسان منحوس نہیں بلکہ دراصل وہ انسان کا اپنا طرزِ عمل، رویہ، اخلاق اور طریقہ ہوتا ہے جو اس کیلئے مختلف آزمائشوں کا سبب بن جاتا ہے۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ! کوئی بھلائی جو تمہیں پہنچے تو وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور کوئی برائی جو تمہیں پہنچے تو وہ تمہارے نفس کی طرف سے ہے (سورۃ النساء) ایسا شخص جو بدشگون (بدفالی) لیتا رہا اس کے بارے میں حضور نبی کریمؐ نے ارشاد فرمایا جو کسی چیز سے بدفالی پکڑ کر اپنے مقصد سے لوٹ آیا اس نے شرک کیا (صحابہ کرامؓ نے عرض کیا) یا رسول اللہؐ! اسکا کفارہ کیا ہوگا، ارشاد فرمایا! وہ کہے اے اللہ! تیری دی ہوئی بھلائی کے سوا کوئی بھلائی نہیں اور تیری فال کے سوا کوئی فال نہیں اور تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں (مسند احمد)۔

یہ مہینہ زمانہ ءجاہلیت ہی سے لوگوں کے درمیان ایک منحوس اور آسمان سے بلائیں اترنے کا مہینہ سمجھا جاتا رہا ہے اسی وجہ سے کوئی بھی نیک کام مثلاً نکاح وغیرہ اس مہینہ میں کرنے سے لوگ گریز کرتے تھے، اس مہینہ میں نکاح نہیں کیا جاتا تھا اور اپنی بیویوں سے دوری اختیار کر لی جاتی تھی، لہٰذا آپؐ نے آکر بتایا کہ صفر کے مہینہ میں کوئی نحوست نہیں ہے اس کے باوجود آج بھی بعض لوگ ان باطل اور بے بنیاد نظریات میں پڑے ہوئے ہیں۔

جو قومیں دین فطرت یعنی اسلام سے اعراض کرتی ہیں وہ اسی قدر توہمات اور بدشگونیوں کا شکار ہو جاتی ہیں یہ انسان کو روحانی طور پہ اندر سے کمزور کر دیتی ہیں اس کے برعکس اللہ تعالیٰ کی ذات پر کامل واکمل یقین انسان کو مضبوط اور مستحکم بنا دیتا ہے، پھر انسان کسی دن یا مہینے کو منحوس نہیں سمجھتا بلکہ ہر خیر وشر کا اللہ کی طرف سے ہونے کا یقین رکھتا ہے ہمیں چاہیے کہ اس ماہ میں دیگر مہینوں کی طرح درود شریف کی کثرت کی جائے پانچ نمازوں کے ساتھ ساتھ نوافل کا اہتمام کیا جائے اور تمام بدعات، توہمات اور رسومات سے بچا جائے۔

# فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو)

## جناب عمر فاروق خان چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز فیسکو تعینات

**بورڈ ممبران میں محترمہ زوئی خورشید، انجینئر پرویز اقبال، عادل بشیر، عامر ضیا، حسن رضا سعید، قمر سرور عباسی اور محترمہ لبنیٰ عثمان شامل**

**فیسکو ہیڈکوارٹرز میں زوم پر نئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے تعارفی اجلاس کا انعقاد**

**چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی تمام بورڈ ممبران کو فیسکو میں خوش آمدید، فیسکو کے مختلف امور کے حوالے سے بریفنگ دی**

چیئرمین عمر فاروق خان کی سربراہی میں فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کا نیا بورڈ آف ڈائریکٹر (بی او ڈی) تشکیل دے دیا گیا۔ فیسکو ہیڈکوارٹرز میں زوم پر نئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا تعارفی اجلاس منعقد ہوا جس میں نئے چیئرمین عمر فاروق خان اور دیگر بی او ڈی ممبران نے بھی شرکت کی۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے تمام بورڈ ممبران کو فیسکو میں خوش آمدید کہا اور انہیں فیسکو کے مختلف امور کے حوالے سے بریفنگ دی۔ نئے تشکیل شدہ بورڈ کے چیئرمین عمر فاروق خان، بورڈ ممبران محترمہ زوئی خورشید، انجینئر پرویز اقبال، عادل بشیر، عامر ضیا، حسن رضا سعید، قمر سرور عباسی، محترمہ لبنیٰ عثمان، سی ای او فیسکو انجینئر محمد عامر، کمپنی سیکرٹری عابد رشید، ڈی جی (ایچ آر) فرخ آفتاب، سی ایف او میاں نذیر احمد اور ڈپٹی کمپنی سیکرٹری سعید رضا نے بھی تعارفی اجلاس میں شرکت کی۔




فیسکو کے نوتشکیل شدہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی تعارفی میٹنگ میں چیئرمین عمر فاروق خان، بورڈ ممبران، چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر، کمپنی سیکرٹری عابد رشید، ڈی جی (ایچ آر) فرخ آفتاب، سی ایف او میاں نذیر احمد اور ڈپٹی کمپنی سیکرٹری سعید رضا شریک ہیں

# صارفین کو بہترین سہولیات اور بلا تعطل بجلی کی فراہمی بورڈ کی اولین ترجیح ہے

BOD فیسکو

## صارفین کو بجلی کے استعمال کے مطابق ریڈنگ اور درست بلنگ ان کا حق ہے، اس سلسلے میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں

فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کا ہنگامی اجلاس

**فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں صارفین کو جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے بہترین سہولیات بہم پہنچائی جائیں**

فیسکو انتظامیہ ریجن کے گھریلو، کمرشل، صنعتی اور زرعی صارفین کو بہتر سروسز کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

**صارفین کے مسائل کے جلد ازالہ کیلئے ریجن کی تمام سب ڈویژنوں میں روزانہ کھلی کچہریاں لگائی جا رہی ہیں**

چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز عمر فاروق خان کا بورڈ کے ایک ہنگامی اجلاس کے دوران بورڈ ممبران اور فیسکو افسران سے خطاب

چیئرمین فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز عمر فاروق خان نے کہا ہے کہ صارفین کو بہترین سہولیات اور بلا تعطل بجلی کی فراہمی بورڈ کی اولین ترجیح ہے، صارفین کو زائد یا غلط بلنگ کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ صارفین کو بجلی کے استعمال کے مطابق ریڈنگ اور درست بلنگ ان کا حق ہے۔ اس سلسلے میں کوئی کوتاہی نہیں ہونی چاہئے۔ ایک مطمئن صارف ہی کمپنی کی بہترین کارکردگی کا عکاس ہے وہ فیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ایک ہنگامی اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے مزید کہا کہ فیسکو ریجن کے آٹھ اضلاع میں صارفین کو جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے بہترین سہولیات بہم پہنچائی جائیں۔ فیسکو انتظامیہ صارفین کو نئے کنکشنز کے اجراء، ٹرانسفارمرز کی تنصیب، بجلی کی بندش، بلوں کی درستگی، خراب میٹرز کی تبدیلی وغیرہ کی شکایات کے ازالے کیلئے جدت انگیز اقدامات اور نئی ایپ جیسی تجاویز مرتب کرے۔ بورڈ ان کا جائزہ لے کر صارف دوست اقدامات کی منظوری دے گا۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے بورڈ کو بتایا کہ فیسکو انتظامیہ آٹھ اضلاع کے 53 لاکھ سے زائد گھریلو، کمرشل، صنعتی اور زرعی صارفین کو بہتر سروسز کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے۔ فیسکو ریجن میں کہیں بھی زائد یا غلط بلنگ نہیں ہو رہی۔ صارفین کو درست اور 30 دنوں کی بلنگ یقینی بنانے کیلئے وزارت توانائی پاور ڈویژن کی ہدایات پر پرو ریٹا بلنگ سوفٹ ویئر کو استعمال کیا جا رہا ہے اور یہ بلنگ 30 یا 31 دن کے مہینے پر مبنی ہے۔ اوور بلنگ محض پروپیگنڈا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ماہ جون میں پرو ریٹا بلنگ کے باعث 1 لاکھ 37 ہزار صارفین کو 10 لاکھ یونٹس کا فائدہ دیا گیا۔ ماہ جون میں تقریباً 14 ہزار صارفین کی عید تعطیلات کی وجہ سے قبل از وقت پرو ریٹا بلنگ کی بنیاد پر ریڈنگ ہوئی۔ ریجن کے 14 ہزار متاثرہ صارفین کو ریلیف پہنچانے کیلئے اقدامات کئے گئے۔ انھوں نے کہا کہ صارفین کی مختلف نوعیت کی شکایات کے ازالے کے لئے 118 پر کال اور 8118 پر میسج کیا جا سکتا ہے۔ 118 اور 8118 میں جدید فیچرز کا اضافہ کیا جا رہا ہے جس کی مدد سے صارف نہ صرف اپنی شکایت کو ٹریک کر سکے گا بلکہ شکایت حل کرنے کیلئے آنے والے لائن سٹاف سے بات بھی کر سکے گا۔ مزید برآں ریجن کی تمام سب ڈویژنوں میں روزانہ کی بنیاد پر دن گیارہ تا ایک بجے دن منعقدہ کھلی کچہریوں میں ایس ڈی او، ایکسئین، ایس ای حضرات اور دیگر اعلیٰ افسران صارفین کے مسائل کے فوری ازالے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں۔ بورڈ کی ہدایات کی روشنی میں جدید خطوط پر کسٹمر سروسز میں بہتری کی مزید تجاویز مرتب کر کے آئندہ اجلاس میں پیش کی جائیں گی۔ اجلاس میں چیئرمین عمر فاروق خان، بورڈ ممبران محترمہ زوئی خورشید، انجینئر پرویز اقبال، عامر ضیا، حسن رضا سعید، محترمہ لبنیٰ عثمان، سی ای او فیسکو انجینئر محمد عامر، اور ڈپٹی کمپنی سیکرٹری سعید رضا نے بھی شرکت کی۔

# ہمارا دین کامل خواتین کے احترام، چادر اور چار دیواری کے تصور پر زور دیتا ہے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

## عورت کو جو حقوق اللہ، اس کے رسول اور ہمارے دین نے دیئے ہیں اس کی نظیر دنیا کے مذاہب میں نہیں ملتی

## اس قانون کے تحت اداروں کی انتظامیہ اس بات کی ذمہ دار ہے کہ ادارے کے کلچر کو تبدیل کر کے اسے مردوں اور عورتوں کیلئے باعزت بنایا جائے

### کام کرنے کی جگہوں پر خواتین کو جنسی طور ہراساں کئے جانے کے خلاف قانون 2010 کے بارے میں فیسکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ سیمینار سے شرکاء کا خطاب

چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر نے کہا ہے کہ ہمارا دین کامل خواتین کے احترام، ان کے تحفظ، چادر اور چار دیواری کے تصور پر انتہائی زور دیتا ہے اور جو حقوق اللہ اس کے رسول اور ہمارے دین نے خواتین کو دیئے ہیں اس کی نظیر دنیا کے مذاہب میں نہیں ملتی۔ وہ کام کرنے کی جگہوں پر خواتین کو جنسی طور ہراساں کئے جانے کے خلاف قانون 2010 کے بارے میں فیسکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ فیسکو کی خواتین ورکرز کو تمام سہولیات بہم پہنچائی جا رہی



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر خواتین کو جنسی طور ہراساں کئے جانے کے خلاف قانون 2010ء کے بارے میں فیسکو ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

ہیں اور انھیں کسی بھی قسم کی ہراسگی سے نمٹنے کیلئے ڈی جی میراڈ میڈم صدف ناز کی سرکردگی میں باقاعدہ کمیٹی قائم کر دی گئی ہے۔ خواتین کی ہراسگی کے ایکٹ 2010 کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے ڈی جی ایچ آر فیسکو فرخ آفتاب نے بتایا کہ قانون حکومت پاکستان نے 2010 کے اوائل میں پاس کیا جس کا مقصد تمام اداروں خواہ وہ سرکاری ہوں، نجی یا سول سوسائٹی کے ان کو یہ موقع فراہم کرنا ہے کہ وہ خود اپنے لئے ایسے ضوابط کار مقرر کریں جن کے ذریعے وہ اپنے ہاں خواتین کو جنسی طور پر ہراساں کئے جانے کے مسائل سے نمٹ سکیں۔ اس ضابطہ اخلاق کو اپنانا سب اداروں کے لئے لازمی ہو چکا ہے۔ ڈی جی فیسکو ایڈمن مجتبیٰ خان نے کہا کہ اس قانون کے تحت اداروں کی انتظامیہ اس بات کی ذمہ دار ہے کہ ادارے کے کلچر کو تبدیل کر کے اسے مردوں اور عورتوں کیلئے باعزت بنایا جائے۔ فیسکو اس سلسلے میں اپنی معاشرتی ذمہ داریاں پوری کر رہا ہے۔ خواتین کو ہراساں کئے جانے کے خلاف بنائی گئی کمیٹی کے ممبران میں ڈائریکٹر لیگل اینڈ لیبر فرخ آفتاب، ڈائریکٹر فنانس علی محمد اور یونین کی نمائندگی کیلئے آفس سپرنٹنڈنٹ محمد عاطف مان شامل ہیں۔ میڈم صدف ناز نے کہا کہ خواتین کو کام کرنے کی جگہوں پر جنسی طور پر ہراساں کئے جانے کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ خواتین مختلف اداروں میں اپنی خدمات سرانجام دے رہی ہیں ان کی حوصلہ افزائی ضروری ہے تا کہ وہ مردوں کے شانہ بشانہ کام کر کے ملکی ترقی میں اپنا حصہ ڈال سکیں۔ فیسکو میں کبھی بھی خواتین کو جنسی طور پر ہراساں کرنے کا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا تاہم اگر کسی خاتون کو اس طرح کو کوئی مسئلہ درپیش ہو تو وہ کمیٹی سے رابطہ کر سکتی ہے جس پر فوری کارروائی کی جائے گی۔

# فیسکو ہیڈکوارٹرز میں پاکستان کے 77 ویں یوم آزادی کی پروقار تقریب کا انعقاد

## چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر اور افسران نے پرچم کشائی کی، جشن آزادی کا کیک کاٹا اور بچوں میں مٹھائی تقسیم کی

# آج یوم آزادی کے روز ہمیں کلمہ شکر ادا کرنا چاہیئے

انجینئر محمد عامر
چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

ہم ایک آزاد اور باوقار ملک کے باسی ہیں جہاں ہم اپنے تمام تر مذہبی عقائد کے ساتھ آزاد زندگی گزار رہے ہیں

یہ دن ہمیں اپنے بزرگوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جن کی وجہ سے پاکستان دنیا کے نقشے پر ایک الگ اسلامی نظریاتی مملکت کے طور پر ابھرا

ہمیں اپنی تمام تر بہتری صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے ادارے کی ترقی، ملک اور قوم کی سربلندی کیلئے مل کر کام کرنا ہوگا

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر کا فیسکو ہیڈکوارٹرز میں پاکستان کے 77 ویں یوم آزادی کے سلسلے میں پروقار تقریب سے خطاب



چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر 77 ویں یوم آزادی کے موقع پر فیسکو ہیڈکوارٹرز میں پرچم کشائی کر رہے ہیں


فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) ہیڈکوارٹرز میں پاکستان کے 77 ویں یوم آزادی کے سلسلے میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر محمد عامر تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج یوم آزادی کے روز ہمیں کلمہ شکر ادا کرنا چاہیئے کہ ہم ایک آزاد اور باوقار ملک کے باسی ہیں جہاں ہم اپنے تمام تر مذہبی عقائد کے ساتھ آزاد زندگی گزار رہے ہیں یہ تجدید عہد کا دن ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ یہ دن ہمیں اپنے بزرگوں کی لاکھوں قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جن کی وجہ سے پاکستان دنیا کے نقشے پر ایک الگ اسلامی نظریاتی مملکت کے طور پر ابھرا۔ بحیثیت قوم ہمیں اس بات کا عہد کرنا چاہیئے کہ ہم انفرادی اور اجتماعی طور پر اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر اپنے ملک پاکستان کو عظیم تر بنائیں گے اور اقوام عالم میں اسے نمایاں مقام دلائیں گے۔ ہمیں ہر قسم کے حالات، مصیبتوں اور درپیش پریشانیوں کا اجتماعی طور پر سامنا کرنا ہوگا کیونکہ ہم زندہ قوم ہیں اور قوموں پر جب مصیبت اور آزمائش آتی ہے تو وہ مل جل کر اس کا مقابلہ کرتی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ وطن عزیز کے موجودہ حالات اس بات کے متقاضی ہیں کہ ہم اپنی تمام تر بہتری صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے ملک اور قوم کیلئے کام کریں کیونکہ وطن کی ترقی سے ہی ہمارا مستقبل اور نسل نو کا مستقبل وابستہ ہے۔ آج کے اس لازوال قربانیوں کے دن کی مناسبت سے تمام فیسکو افسران و ملازمین بھی کمپنی کی بہتری اور اسے ترقی کی مزید منازل تک پہنچانے کیلئے مزید محنت اور لگن کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دیں۔ ادارے مضبوط ہوں ہوگے تو ملک ترقی کرے گا۔ قبل ازیں تقریب کے تمام شرکاء نے چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی قیادت میں پرچم کشائی کی، قومی ترانہ پڑھا اور جشن آزادی کا کیک کاٹا۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر نے اس موقع پر تقریب میں موجود بچوں میں مٹھائی اور تحائف تقسیم کیئے۔ تقریب میں فیسکو کے

چیف انجنیئر ز، ڈائریکٹرز، ڈپٹی ڈائریکٹرز، دیگر فیسکو افسران کے علاوہ فیسکو ملازمین اور بچوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ فیسکو ہیڈکوارٹرز، سرکل اور ڈویژن دفاتر سمیت گرڈ سٹیشنوں اور واپڈا اہسپتال کی بلڈنگ پر جشن آزادی کے حوالے سے خصوصی چراغاں کیا گیا اور فیسکو کے تمام سرکلز میں پرچم کشائی کی تقریبات کا انعقاد کیا گیا جن کے مہمان خصوصی متعلقہ ایس ایز تھے۔









# اچھی افرادی قوت اور ٹیم اچھے اداروں کا اثاثہ ہوتی ہے

ڈاکٹر منور احمد واہلہ
ڈپٹی ایم ایس واپڈا ہسپتال

**مدت ملازمت پوری کرنے کے بعد باعزت طریقے سے ریٹائرمنٹ خدا کی طرف سے ایک تحفے سے کم نہیں ہے**

**ڈاکٹر شعیب نے معاملات کو انتہائی خوش اسلوبی کے ساتھ چلایا اور ہسپتال کے ملازمین اور مریضوں کیلئے گرانقدر خدمات سرانجام دیں**

**دوران سروس میڈیکل سپرنٹنڈنٹ واپڈا ہسپتال ڈاکٹر محمد شعیب نے خوش اخلاقی اور خوش خلقی کا دامن کبھی ہاتھ سے نہیں چھوڑا**

**ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر منور احمد واہلہ کا ایم ایس واپڈا ہسپتال فیصل آباد ڈاکٹر محمد شعیب کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر الوداعی تقریب سے خطاب**

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ واپڈا ہسپتال فیصل آباد ڈاکٹر محمد شعیب اپنی مدت ملازمت پوری کر کے ریٹائرڈ ہو گئے۔ ان کے اعزاز میں واپڈا ہسپتال میں ایک تقریب منعقد ہوئی جس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر منور احمد واہلہ نے کہا کہ افرادی قوت اداروں کے استحکام اور ان کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتی



میڈیکل سپرنٹنڈنٹ واپڈا ہسپتال فیصل آباد ڈاکٹر محمد شعیب کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر منعقدہ الوداعی تقریب سے ڈپٹی ایم ایس ڈاکٹر منور احمد واہلہ، ڈاکٹر مصباح شاہین، ڈائریکٹر ایچ آر فیسکو محمود احمد اور ڈاکٹرز خطاب کر رہے ہیں

ہے اچھی افرادی قوت اور ٹیم اچھے اداروں کا اثاثہ ہوتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ مدت ملازمت پوری کرنے کے بعد باعزت طریقے سے ریٹائرمنٹ خدا کی طرف سے ایک تحفے سے کم نہیں ہے۔ ڈاکٹر محمد شعیب میڈیکل کے شعبہ میں انتہائی مہارت رکھتے ہیں، انہوں نے بطور ایم ایس ہسپتال کے معاملات کو انتہائی خوش اسلوبی کے ساتھ چلایا اور ہسپتال کے ملازمین اور مریضوں کیلئے گرانقدر خدمات سرانجام دیں۔ ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ نے ریٹائرڈ ہونے والے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ واپڈا ہسپتال ڈاکٹر محمد شعیب کی پیشہ وارانہ زندگی کی تعریف کی اور کہا کہ انہوں نے دوران ملازمت میڈیکل کے شعبہ سے متعلقہ فرائض منصبی کو احسن طریقے سے انجام دیا اور مریضوں کی فلاح و بہبود کیلئے بھرپور اقدامات کئے۔ ڈاکٹر منور واہلہ نے مزید کہا کہ ڈاکٹر محمد شعیب نے اپنی تمام مدت ملازمت انتہائی ایمانداری، محنت و لگن اور بغیر کسی دباؤ کے درست اور بروقت فیصلے کر کے گزاری۔ اس موقع پر ڈاکٹر سمیرا، ڈاکٹر مصباح شاہین، ڈاکٹر خالد ڈوگر، ڈائریکٹر ایچ آر فیسکو میاں محمود احمد، ڈاکٹر سمیرا ڈوگر، ڈاکٹر خضر اور دیگر نے ریٹائرڈ ہونے والے ایم ایس ڈاکٹر محمد شعیب کو باعزت طریقے سے مدت ملازمت پوری ہونے پر مبارکباد دی اور کہا کہ افسر ہو یا ماتحت باعزت ریٹائرمنٹ سب کیلئے ایک اعزاز کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوران سروس میڈیکل سپرنٹنڈنٹ واپڈا ہسپتال ڈاکٹر محمد شعیب نے خوش اخلاقی اور خوش خلقی



ایم ایس واپڈا ہسپتال ڈاکٹر محمد شعیب کی ریٹائرمنٹ کے موقع پر ڈپٹی ایم ایس ڈاکٹر منور احمد واہلہ ،ڈاکٹر مصباح شاہین اور دیگر ڈاکٹرز نے انھیں یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

کا دامن کبھی ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔انھوں نے ہمیشہ مریضوں اور سٹاف کے ساتھ انتہائی نرم رویہ اپنائے رکھا اور ماحول کو ہمیشہ خوشگوار رکھتے ہوئے کام کو بہترین طریقے سے انجام دیا۔تمام افسران نے ان کی آئندہ زندگی کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور کہا کہ ان کے دلوں اور محکمہ کے دروازے ہمیشہ ان کیلئے کھلے ہیں۔ریٹائرڈ ہونیوالے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ واپڈا ہسپتال ڈاکٹر محمد شعیب نے اپنے اعزاز میں منعقد کی گئی تقریب پر تمام واپڈا ہسپتال کے ڈاکٹروں اور ملازمین کا شکریہ ادا کیا اور اپنے خطاب میں کہا کہ گذشتہ تمام عرصہ میں انہیں سب کا تعاون حاصل رہا اور تمام کامیابیاں ٹیم ورک کا نتیجہ ہیں۔اپنی تمام سروس کے دوران ہمیشہ مریضوں، ان کے لواحقین اور ملازمین کی بھلائی کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے۔تقریب کے اختتام پر ڈپٹی ایم ایس ڈاکٹر منور احمد واہلہ ،ڈاکٹر مصباح شاہین اور دیگر نے انھیں یادگاری شیلڈ اور تحائف پیش کئے۔تقریب میں ڈاکٹر نصر اللہ خان، ڈاکٹر نسیم طارق، ڈاکٹر شوکت باجوہ، ڈاکٹر شمیم نیاز، ڈاکٹر رضوان اکرم، ڈاکٹر ماہرہ ارشاد، ڈاکٹر عائشہ، ڈاکٹر انعم صابر، ڈاکٹر محسن رضا، اے ڈی ایڈمن صفدر حیات، اسسٹنٹ منیجر عثمان شریف، اے پی ایس محمد نصیر، عابد حسین اور ڈاکٹر ظفر غوری کے علاوہ ہسپتال کے پیرامیڈیکل سٹاف کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

## ڈاکٹر طارق بشیر ملک نے واپڈا ہسپتال فیصل آباد کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کا چارج سنبھال لیا



ڈاکٹر طارق بشیر ملک نے واپڈا ہسپتال فیصل آباد کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کا چارج سنبھال کر فرائض کی ادائیگی شروع کر دی ہے۔وہ اس سے قبل بھی ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کے عہدے پر فرائض انجام دے چکے ہیں۔واپڈا اتھارٹی کی طرف سے ان کی بطور ایم ایس تعیناتی کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ڈاکٹر طارق بشیر ملک کا شمار انتہائی قابل، ایماندار اور فرض شناس ڈاکٹرز میں ہوتا ہے۔ان کی تعیناتی کو نہایت خوش آئندہ قرار دیا گیا ہے اور واپڈا ہسپتال کے ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل سٹاف اور دیگر عملہ نے مسرت کا اظہار کیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ ان کی سرپرستی میں ہسپتال کے عملہ اور مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔

ایکسیئن ایم اینڈ ٹی فرسٹ سرکل
محمد سعید رضا

# صارفین کے مسائل کے ترجیحی بنیادوں پر خاتمے کیلئے کوشاں ہیں

## فیلڈ میں میٹرز کی چیکنگ، نیٹ میٹرنگ کی فزیبلٹی، سمیت روزانہ کی بنیاد پر سیفٹی لیکچرز اور تکنیکی معاملات پر آگاہی دی جا رہی ہے

## ایم اینڈ ٹی فرسٹ سرکل کی ٹیموں نے روزانہ کی بنیاد پر دن رات چیکنگ کے دوران 110 صارفین کی بجلی چوری پکڑ لی

## ایم اینڈ ٹی لیبارٹری نے دوران ٹیسٹنگ 43 میٹروں کو بجلی چوری میں ملوث ہونے پر 32 لاکھ سے زائد کا جرمانہ عائد کیا گیا

وزارت توانائی (پاور ڈویژن) اور چیف ایگزیکٹو فیسکو محمد عامر کی ہدایت پر فیسکو ریجن میں بجلی چوری کے خلاف جاری خصوصی مہم میں ایکسیئن ایم اینڈ ٹی فرسٹ سرکل محمد سعید رضا نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ماہ مئی اور جون کے دوران روزانہ کی بنیاد پر دن رات چیکنگ کے دوران 110 صارفین کی بجلی چوری پکڑی جن کو تقریباً پانچ لاکھ ڈی ٹیکشن یونٹس چارج کئے گئے اور انہیں ایک کروڑ چالیس لاکھ روپے سے زائد کے جرمانوں پر مشتمل بل جاری کئے۔ اس کے علاوہ ایکسیئن ایم اینڈ ٹی فرسٹ کی زیر نگرانی ایم اینڈ ٹی لیبارٹری نے دوران ٹیسٹنگ 43 صارفین کے میٹروں کو بھی بجلی چوری میں ملوث پایا جو کہ CP-90 اور میٹر جلنے کی وجہ سے تبدیل ہو کر آئے تھے ان کو تقریباً ایک لاکھ پچاس ہزار یونٹس ڈالے گئے اور 32 لاکھ سے زائد کا جرمانہ بھی عائد کیا گیا۔ ان صارفین کے خلاف قانونی کاروائی کے لئے متعلقہ فیلڈ آفیسرز کو میٹرز کے لیبارٹری نتائج جاری کئے گئے۔ اس طرح سنگل فیز اور تھری فیز میٹروں کے ڈیٹا Retrive کے دوران پانچ لاکھ سترہ ہزار یونٹس ڈیٹکٹ کئے گئے جن کو تقریباً ایک کروڑ تیس لاکھ روپے کے ڈی ٹیکشن بل چارج کئے گئے جو کہ ایک ریکارڈ کامیابی ہے۔ ایکسیئن ایم اینڈ ٹی محمد سعید رضا کی سربراہی میں ٹیسٹ انسپکٹر محمد ندیم، ٹیسٹ انسپکٹر عاصم علی، لیب اسسٹنٹ محمد صدیق خان، ٹیسٹ انسپکٹر محمد ظفر اقبال، ٹیسٹ انسپکٹر جان محمد اور لیب اسسٹنٹ مدثر مقبول دن رات انتہائی محنت سے چوری میں ملوث صارفین کے کنکشنز کا سراغ لگا کر ان کا رزلٹ ایشو کروا رہے ہیں۔ تمام سائیٹ ایم ڈی آئی چیکرز جس میں بختیار A/T، طاہر مسعود M/F، عرفان علی A/T، محمد ماجد A/T اور آصف رشید بھی فرسٹ سرکل کے تمام ڈویژنوں کے MDI کنکشنز کو انتہائی محنت اور لگن سے چیک کر رہے ہیں اور ان کے رزلٹ ایشو کرا رہے ہیں۔ ایکسیئن ایم اینڈ ٹی فرسٹ سرکل محمد سعید رضا کی سربراہی میں ان دو ماہ کے دوران 22 نئے MDI کنکشنز بروقت لگائے گئے ہیں جبکہ 110 خراب MDI کنکشنز نشاندہی پر فوری طور پر تبدیل کئے گئے ہیں تاکہ محکمہ فیسکو کو نقصان نہ ہو۔ علاوہ ازیں ایم اینڈ ٹی سٹاف کو صبح کی اسمبلی میں سیفٹی دعا، فیلڈ میں میٹروں کی چیکنگ کے دوران تمام تر حفاظتی تدابیر اختیار کرنے اور نیٹ میٹرنگ کے میٹروں کی فزیبلٹی چیک کرنے سمیت روزانہ کی بنیاد پر سیفٹی لیکچرز اور تکنیکی معاملات پر آگاہی دی جا رہی ہے تاکہ صارفین کے مسائل کا خاتمہ ترجیحی بنیادوں پر ہو اور فیسکو بھی دن دگنی رات چوگنی ترقی کرے اور محکمہ کے ریونیو میں اضافہ ہو۔



ایکسیئن ایم اینڈ ٹی فیسکو فرسٹ سرکل محمد سعید رضا ٹیم کے ہمراہ فیلڈ میں میٹروں کی چیکنگ کر رہے ہیں، دوسری طرف لیبارٹری میں میٹروں کا معائنہ کیا جا رہا ہے

# فیسکو نے 49واں واپڈا انٹر یونٹ سوئمنگ ٹورنامنٹ جیت لیا

## مختلف ایونٹس کے فائنل مقابلوں میں فیسکو نے مجموعی طور پر 388 پوائنٹس کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی

### سوئمنگ کے یہ مقابلے واپڈا اسپورٹس بورڈ کے زیر اہتمام 8 جولائی تا 10 جولائی تک واپڈا اسپورٹس کمپلیکس میں منعقد ہوئے




فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) نے 49واں واپڈا انٹر یونٹ سوئمنگ ٹورنامنٹ جیت لیا۔ سوئمنگ کے یہ مقابلے واپڈا اسپورٹس بورڈ کے زیر اہتمام 8 جولائی تا 10 جولائی تک واپڈا اسپورٹس کمپلیکس میں منعقد ہوئے جس میں فیسکو (فیصل آباد)، لیسکو (لاہور) اور گیپکو (گوجرانوالہ) کی ٹیموں نے حصہ لیا۔ آخری دن کھیلے گئے مختلف ایونٹس کے فائنل مقابلوں میں فیسکو نے مجموعی طور پر 388 پوائنٹس کے ساتھ پہلی پوزیشن حاصل کی جبکہ گیپکو (گوجرانوالا) کی ٹیم نے 235 پوائنٹس کے ساتھ دوسری جبکہ لیسکو کی ٹیم نے 163 پوائنٹس کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی ۔چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر، صدر فیسکو سپورٹس ایسوسی ایشن فرخ آفتاب، جنرل سیکرٹری فیسکو سپورٹس ایسوی ایشن رانا افضل اور منیجر سوئمنگ ٹیم ملک نعیم جاوید نے فیسکو سوئمنگ ٹیم کو واپڈا انٹر یونٹ سوئمنگ ٹورنامنٹ جیتنے پر مبارکباد پیش کی ہے اور کہا ہے کہ بلاشبہ یہ کامیابی ٹیم ورک کا نتیجہ ہے ۔انہوں نے امید ظاہر کی ہے کہ فیسکو کی دیگر کھیلوں کی ٹیمیں بھی اسی طرح جیت کے جذبے اور لگن کے ساتھ بہترین کھیل کا مظاہرہ کر کے فیسکو اور ملک کا نام روشن کریں گی ۔اختتامی تقریب میں مہمان خصوصی چیف ایگزیکٹو لیسکو شاہد حیدر، صدر واپڈا سپورٹس ایسوسی ایشن امداد اللہ میمن اور جنرل سیکرٹری واپڈا سپورٹس بورڈ ملک عمیر اسلم نے فرسٹ پوزیشن حاصل کرنے والی فیسکو کی سوئمنگ ٹیم کو ٹرافی اور دیگر انعامات دیئے۔




چیف ایگزیکٹو لیسکو شاہد حیدر 49 ویں واپڈا انٹر یونٹ سوئمنگ ٹورنامنٹ میں پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر فیسکو ٹیم کو ٹرافی دے رہے ہیں

اس موقع پر صدر فیسکو سپورٹس ایسوسی ایشن فرخ آفتاب، جنرل سیکرٹری فیسکو سپورٹس ایسوی ایشن رانا افضل، منیجر سوئمنگ ٹیم ملک نعیم جاوید نے واپڈا انٹر یونٹ سوئمنگ ٹورنامنٹ میں کامیابی پر فیسکو سپورٹس آفیسر محمد ساجد اور سوئمنگ ٹیم کے کوچ حامد رحیم کی کوششوں کو سراہا اور کہا کہ وہ مستقبل اس تسلسل کو قائم رکھیں گے تاکہ فیسکو کے کھلاڑی نہ صرف انٹر یونٹ بلکہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر مزید کامیابیاں سمیٹ سکیں۔ٹورنامنٹ میں فیسکو کے حمزہ آصف نے مجموعی طور پر 6 گولڈ، 5 سلور اور ایک براؤنز جبکہ یحیٰی خان نے 2 گولڈ، 4 سلور اور 4 براؤنز میڈل جیتے۔

## فیسکو کے 9 افسران کو ٹائم سکیل اپ گریڈیشن کے تحت اگلے سکیلوں میں اپ گریڈ کر دیا گیا



فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) کے 9 افسران کو ٹائم سکیل اپ گریڈیشن کے تحت اگلے سکیلوں میں اپ گریڈ کر دیا گیا۔ فیسکو پروموشن بورڈ کی سفارشات، بورڈ آف ڈائریکٹرز اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی منظوری کے بعد ان افسران کی اپ گریڈیشن کا تحریری نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ سکیل 18 سے 19 میں اپ گریڈ ہونے والے افسران میں ایکسئین آپریشن ناظم آباد ڈویژن شیراز شیخ، ایکسئین آپریشن تاندلیانوالا ڈویژن غلام نبی میمن اور ایکسئین آپریشن بھکر ڈویژن بلال اقبال شامل ہیں جبکہ سکیل 17 سے 18 میں اپ گریڈ ہونے والے افسران میں ایس ڈی او فیکٹری ایریا سب ڈویژن محمد فیصل نظام، اسسٹنٹ ڈائریکٹر (سیفٹی الیکٹرک پلانٹ) محمد ذبیح اللہ خالد، جونیئر انجینئر ہیڈکوارٹر ندیم اختر، ایس ڈی او گٹ والا سب ڈویژن محمد ظفر شریف رامے، اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ٹریننگ) آر ٹی سی عمر فاروق اور ایس ڈی او سٹی سب ڈویژن کمالیہ ذوالفقار علی شامل ہیں۔

فیسکو نے صارفین کو نیٹ میٹرنگ کی درخواستیں جمع کرانے کے طریقہ کار کو مزید سہل بنا دیا ہے۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی خصوصی ہدایت پر فیسکو کے فرسٹ اور سیکنڈ سرکل کے صارفین اب نیٹ میٹرنگ کی فائلز فیسکو ہیڈکوارٹرز شعبہ میراڈ کی بجائے اپنے متعلقہ ایکسئین دفاتر میں ہی جمع کرا سکیں گے۔ فیسکو کے چار سرکلز جھنگ، میانوالی، سرگودھا اور ٹوبہ ٹیک سنگھ کے صارفین پہلے ہی نیٹ میٹرنگ کی درخواستیں اپنے متعلقہ ایکسئین دفاتر میں جمع کروا رہے تھے لیکن فرسٹ اور سیکنڈ سرکل فیصل آباد کے صارفین کی درخواستیں شعبہ میراڈ میں جمع ہو رہی تھیں جس کی وجہ سے صارفین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ ایس ای فرسٹ سرکل انجینئر امیر خان نے اس سلسلے میں تحریری نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے جس کے مطابق 70 کلوواٹ تک کی درخواستیں متعلقہ ایکسئین آپریشن کے دفتر، 71 سے 500 کلوواٹ کی درخواستیں سپرنٹنڈنگ انجینئر آپریشن جبکہ 501 کلوواٹ سے زیادہ کی درخواستیں چیف انجینئر (پلاننگ اینڈ ڈیزائن) کے دفتر میں جمع کروائی جا سکیں گی۔

## شوکاز نوٹس برائے کارروائی

فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) بھیرہ سب ڈویژن (حال ڈویژنل آفس بھلوال) کے نائب قاصد سجاد علی ولد تاج علی آپ مورخہ 04-06-2024 سے مسلسل دانستہ طور پر تا حال اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں۔ آپ کو آخری بار مطلع کیا جاتا ہے کہ اس نوٹس کی اشاعت / وصولی کے سات یوم کے اندر اندر اظہار وجوہ کریں کہ اس بے ضابطگی اور بے اطواری کی بناء پر واپڈا ایفی شینسی اینڈ ڈسپلن رولز مجریہ 1978ء کی متعلقہ دفعات کے تحت آپ کے خلاف کارروائی عمل میں کیوں نہ لائی جائے۔ آپ اپنے دفاعی جواب میں یہ بھی لکھیں کہ آپ ذاتی طور پر پیش ہو کر کچھ کہنا چاہتے ہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یہ سمجھ لیا جائے گا کہ آپ جان بوجھ کر اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہیں اور آپ کے پاس اپنے دفاع میں کہنے کیلئے کچھ نہیں لہٰذا آپ کے خلاف ضابطے کی کارروائی یک طرفہ طور پر عمل میں لائی جائے گی۔

منجانب: ایگزیکٹو انجینئر (آپریشن) فیسکو ڈویژن بھلوال

# وزارت توانائی اورچیف ایگزیکٹو فیسکو انجنئیر محمد عامر کی ہدایات

## صارفین کی شکایات کے فوری ازالے کیلئے فیسکو کی تمام سب ڈویژنوں میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کا سلسلہ شروع کر دیا گیا

## تمام ایس ڈی او حضرات دن 11:00 سے دوپہر 01:00 بجے تک اپنے دفاتر میں صارفین کی شکایات سن کر ان کا ازالہ کر رہے ہیں

## کھلی کچہریوں میں صارفین کے بلوں کی درستگی، وولٹیج کی شکایات، خراب میٹروں کی تبدیلی، میٹروں کی جلد تنصیب اور دیگر شکایات کا حل کیا جا رہا ہے

## صارفین اپنے بجلی سے متعلقہ مسائل کے فوری حل کیلئے اپنی متعلقہ سب ڈویژن میں ہونے والی کھلی کچہری میں شرکت کریں

وزارت توانائی (پاور ڈویژن) اور چیف ایگزیکٹو فیسکو انجنیئر محمد عامر کی ہدایت پر صارفین کی شکایات کے فوری ازالے کیلئے فیسکو ریجن کی تمام 140 سب ڈویژنوں میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے۔ کھلی کچہری کے دوران تمام ایس ڈی او حضرات دن 11:00 سے دوپہر 01:00 بجے تک اپنے دفاتر میں صارفین کی شکایات سن کر موقع پر ان کا ازالہ کر رہے ہیں۔ علاوہ ازیں فیسکو کے سینئر افسران کی کھلی کچہریوں میں شرکت کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ صارفین کو بجلی سے متعلقہ درپیش مسائل کا فوری تدارک کیا جا سکے۔ صارفین بجلی کھلی کچہریوں کے دوران ایس ڈی او حضرات کو براہ راست بلوں کی درستگی، لو وولٹیج کی شکایات، خراب میٹروں کی تبدیلی، بجلی میٹروں کی جلد تنصیب اور بجلی سے متعلقہ دیگر شکایات سے آگاہ کر رہے ہیں جس پر فوری کارروائی کرتے ہوئے ان کے فوری ازالے کیلئے احکامات جاری کئے جا رہے ہیں اور ان کو موقع پر ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں چیف ایگزیکٹو انجنیئر محمد عامر کا کہنا ہے کہ سب ڈویژنل دفاتر میں کھلی کچہریوں کا انعقاد روزانہ کی بنیادوں پر کیا جائے گا تاکہ صارفین بجلی کی فوری دادرسی ہو سکے۔ انھوں نے صارفین بجلی سے بھی اپیل کی کہ کھلی کچہریوں میں اپنے مسائل کے فوری حل کیلئے براہ راست شرکت کریں اور کسی بھی دقت کی صورت یہ مسئلہ حل نہ ہونے کی صورت میں ان سے رابطہ کریں تاکہ ان کی شکایات کا حل کیا جا سکے۔



فیسکو افسران اپنے دفاتر میں منعقدہ کھلی کچہریوں کے دوران صارفین بجلی کی شکایات سن کر ان کے ازالے کے احکامات جاری کر رہے ہیں



# پاکستان کے 77ویں یوم آزادی کے موقع پر منعقدہ جشن آزادی کی تقاریب کی تصویری جھلکیاں





## فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو)

ویسٹ کینال روڈ، فیصل آباد | www.fesco.com.pk | ٹول فری نمبر 0800-66554 | ہیلپ لائن 118